Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

تَرْجَمَۃُ الْقُرْاٰنِ الْمَجِیْد

جماعت نہم

سُوْرَۃُ فَاطِرٍ

LAST HOPE STUDY
Download All Subjects Notes from website www.lasthopestudy.com

مشق

1 درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

i سُوْرَۃُ فَاطِرٍ کا دوسرا نام ہے:

(الف) سورۃ العقود (ب) سورۃ الملائکہ
(ج) سورۃ تنزیل السجدۃ (د) سورۃ الاسراء

ii فاطر کا معنیٰ ہے:

(الف) زبردست (ب) پیدا کرنے والا
(ج) نگہبان (د) حکمت والا

iii قرآن مجید میں پہاڑوں اور جانوروں کا ذکر کر کے دعوت دی گئی ہے:

(الف) اللہ تعالیٰ کی حکمت پر غور و فکر کی (ب) سائنسی تحقیقات کی
(ج) پہاڑوں کی سیر کی (د) دنیا کی رنگینی کی

iv سُوْرَۃُ فَاطِرٍ کے مطابق اللہ تعالیٰ کا حقیقی ڈر حاصل ہوتا ہے:

(الف) مال داروں کو (ب) اہلِ ایمان کو
(ج) علماء کو (د) تاجروں کو

v قیامت کے دن انسان کے گناہوں کا بوجھ اٹھائیں گے:

(الف) اس کے والدین (ب) اس کے رشتے دار
(ج) اس کی اولاد (د) وہ خود

Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

2 مختصر جواب دیجیے۔

(i) سُوْرَۃُ فَاطِرٍ کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟
(ii) سُوْرَۃُ فَاطِرٍ کا خلاصہ لکھیے۔
(iii) سُوْرَۃُ فَاطِرٍ کے علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔
(iv) سُوْرَۃُ فَاطِرٍ کا دوسرا نام کیا ہے اور اس کی وجہ کیا ہے؟

جوابات

(i) سُوْرَۃُ فَاطِرٍ کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟

جواب: اس سورت کا نام "فاطر" پہلی آیت سے لیا گیا ہے، جس کا معنی ہے: پیدا کرنے والا۔ اسی لفظ کی وجہ سے اس سورت کا نام سُوْرَۃُ فَاطِرٍ رکھا گیا ہے۔

(ii) سُوْرَۃُ فَاطِرٍ کا خلاصہ لکھیے۔

جواب: سُوْرَۃُ فَاطِرٍ کا خلاصہ "مشرکین کو توحید اور آخرت پر ایمان لانے کی دعوت دینا" ہے۔

(iii) سُوْرَۃُ فَاطِرٍ کے علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔

جواب: **سُوْرَۃُ فَاطِرٍ کے دو علمی و عملی نکات:**

1. تمام انسان اللہ تعالیٰ کے محتاج ہیں وہ کسی کا محتاج نہیں۔ جب کسی کو کچھ عطا فرمائے تو کوئی اسے روکنے والا نہیں اور جب اللہ تعالیٰ کسی سے کچھ روک لیتا ہے تو کوئی اسے دے نہیں سکتا ہے۔
2. اللہ تعالیٰ ہمارا رازق ہے۔ ہمیں اس کے احسانات کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے۔

(iv) سُوْرَۃُ فَاطِرٍ کا دوسرا نام کیا ہے اور اس کی وجہ کیا ہے؟

جواب: سُوْرَۃُ فَاطِرٍ کا دوسرا نام "سورۃ الملائکۃ" بھی ہے، کیوں کہ اس کی پہلی آیت میں فرشتوں کا ذکر بھی آیا ہے۔

3 تفصیلی جواب دیجیے۔

(i) سُوْرَۃُ فَاطِرٍ پر ایک مفصل مضمون تحریر کیجیے۔

جواب: **سُوْرَۃُ فَاطِرٍ کا تعارف:**

سُوْرَۃُ فَاطِرٍ مکی سورت ہے۔ اس میں پینتالیس (45) آیات ہیں۔ اس سورت کا نام "فاطر" پہلی آیت سے لیا گیا ہے، جس کا معنی ہے: پیدا کرنے والا۔ اسی لفظ کی وجہ سے اس سورت کا نام سُوْرَۃُ فَاطِرٍ رکھا گیا ہے۔

اس سورت کا دوسرا نام "سورۃ الملائکۃ" بھی ہے، کیوں کہ اس کی پہلی آیت میں فرشتوں کا ذکر بھی آیا ہے۔ سُوْرَۃُ فَاطِرٍ کا خلاصہ "مشرکین کو توحید اور آخرت پر ایمان لانے کی دعوت دینا" ہے۔

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

سُوْرَۃُ فَاطِر کے مضامین:

اللہ کی قدرت کی بیان:

سُوْرَۃُ فَاطِر میں کثرت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی قدرتوں کو بیان کیا گیا ہے۔ زندگی کے دھوکے اور شیطان کی دشمنی سے خبردار کیا گیا ہے۔

شرک کی ہلاکت خیزی اور جھوٹے معبودوں کی بے بسی کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔

پہاڑوں اور جانوروں کے مختلف رنگوں کی حکمت میں غور و فکر کی دعوت دی گئی ہے اور واضح کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا حقیقی ڈر انھیں حاصل ہوتا ہے جو علم اور آگہی رکھتے ہیں۔

سُوْرَۃُ فَاطِر میں موجود اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیوں پر غور کرنے سے درج ذیل باتیں واضح ہوتی ہیں:

1. جس رب نے یہ کائنات بنائی ہے، اسے اس کا نظام چلانے کے لیے کسی مددگار کی ضرورت نہیں۔
2. یہ کائنات بغیر مقصد کے پیدا نہیں کی گئی۔
3. جو ذات اس کائنات کو وجود میں لائی ہے اس کے لیے اسے ختم کرنا کچھ مشکل نہیں اور اسے ختم کر کے نئے سرے سے آخرت کا عالم پیدا کرنا بھی مشکل نہیں۔

قرآنِ مجید کی عظمت و صداقت کا ذکر:

اس سورت میں قرآنِ مجید کی عظمت و صداقت کا ذکر فرماتے ہوئے اس کی خدمت کرنے والوں کو بشارت دی گئی ہے۔

سورت کے آخر میں مشرک اور اللہ تعالیٰ کی نافرمان قوموں کا عبرت ناک انجام بیان کیا گیا ہے۔

اس سورت کا مرکزی مضمون:

اس سورت میں اللہ تعالیٰ کو ایک ماننے کی دعوت دی گئی ہے، اُس کے واحد و موجود ہونے اور مُردوں کو زندہ کرنے پر قادر ہونے کے دلائل دیے گئے ہیں۔

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study